آپ یا آپکا بچہ نیویارک شہر محکمئہ تعلیم پبلک اسکولوں میں ذیابیطس سے متعلقہ نگہداشت کے بارے میں ایک مجوزہ کلاس ایکشن تصفیے سے متاثر ہوسکتا ہے

اس نوٹس کی اجازت ایک عدالت نے دی ہے۔ یہ کسی وکیل کی جانب سے التماس نہیں ہے.

آپکا بچہ ایک مجوزہ تصفیہ کلاس کا ایک ممبر ہوسکتا ہے اگر انکو:

a) ٹائپ 1 یا ٹائپ 2 ذیابیطس ہے؛ اور

b) ابھی مندرج ہیں یا مستقبل میں نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) کے پبلک اسکول میں مندرج ہونگے؟

2018 میں، ذیابیطس کے حامل تین بچے، ان کے والدین کے ذریعے اور طرف سے اور ساتھ میں امریکی انجمن برائے ذیابیطس (ملکر "مدعیان") نے مدعا علیہان (محکمئہ تعلیم، نیویارک شہر محکمہ برائے صحت اور ذہنی حفظانِ صحت، اسکول کا دفتر صحت، اور نیو یارک شہر) کے خلاف اسکول میں ذیابیطس کے حامل بچوں کی بہتر نگہداشت حاصل کرنے کے لیے ایک مقدمہ دائر کیا ہے۔ اس مقدمے کا نام ہے *M.F., et al. v. New York City Department of Education, et al.*, Civil No. 18-CV-6109.

2022 میں، مدعا علیہان نے کچھ پالیسیوں، ضابطئہ عمل، اور طریق کار بروئے کار لانے پر متفق ہوکر مقدمے کا تصفیہ کیا ہے۔ مختصراً، تصفیہ ذیل فراہم کرتا ہے: 1) ذیابیطس کے حامل طلبا کے لیے سیکشن 504 منصوبے کو جو ذیابیطس سے متعلقہ نگہداشت اور سہولیات کو بیان کرتا ہے، تخلیق اور اختیار کرنے کو یقینی بناکر منصوبہ بندی کو بہتر بنانا جو ذیابیطس کے حامل طلبا کو اسکول میں حفاظت کے ساتھ شرکت کرنے اور ان کی تعلیم اور اسکول کی کفالت کردہ سرگرمیوں سے مستفید ہونے کے لیے درکار ہوتی ہیں؛ 2) اسکول نرسوں، معاون پیشہ وران، اساتذہ، اور دیگر اسکول عملے، بس ڈرائیورز، اور بس میں نگرانوں کو ذیابیطس کے طلبا کی ضروریات کی تکمیل کرنے کے لیے تربیت دینا؛ 3) یہ یقینی بنانا کہ ذیابیطس سے متعلقہ نگہداشت اور سہولیات کم ترین پابندی والے ماحول میں فراہم کی جارہی ہیں تاکہ طالب علم کو اپنے ہمسروں کے ساتھ زیادہ سے زیادہ ممکنہ حد تک تعامل کا موقع ملے جنہیں معذوریاں نہیں ہیں، چھوٹ جانے والے تدریسی وقت اور کلاس کے ہمسروں سے علحیدگی کے وقت کو محدود کرنے کے ہدف کے ساتھ؛ اور 4) یقینی بنانا کہ ذیابیطس کے حامل طلبا کو اسکول سے متعلقہ سرگرمیوں جیسے فیلڈ ٹرپس، اسکول کے کفایت کردہ اسکول بعد اور غیر نصابی سرگرمیاں، اور ایک منظور کردہ ناشتے کے پروگرام تک یکساں رسائی حاصل ہے، یہ مطالبہ کرکے کہ وہ ان سرگرمیوں کے دوران ذیابیطس سے متعلقہ ضروری نگہداشت اور سہولیات موصول کریں۔

مزید جاننے کے لیے، یا مکمل تصفیہ نوٹس یا معاہدہ کی ایک نقل حاصل کرنے کے لیے DRALEGAL.ORG پر جائیں، DIABETESLAWSUIT@DRALEGAL.ORG پر ای میل کریں یا 2362-217-(332) پر کال کریں۔